## سرسا میں 22 کوئنٹل 45 کلو ڈوڈا چورا پوست سے بھرا ٹرک برآمد

سرسا، 21 اپریل (یو این آئی) ہریانہ میں سرسا ضلع کے اینٹی نارکوٹکس سیل نے ایک اہم اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے ڈوڈا چورا پوست سے بھرے ایک ٹرک کو برآمد کیا اور اس ٹرک سے 22 کوئنٹل 45 کلوگرام ڈوڈا پوست برآمد کیا۔ یہ برآمدگی دہلی سرسا قومی شاہراہ نمبر 9 پر ڈنگ موڑ کے قریب کی گئی۔ پولیس نے برآمد شدہ ڈوڈا پوست کی قیمت ایک کروڑ روپے بتائی ہے۔

موجودہ سال میں ضلع سرسا پولیس نے ہریانہ میں سب سے بڑی کھیپ پکڑی ہے۔ یہ کھیپ رانچی سے لائی گئی تھی اور اسے پڑوسی ریاست راجستھان کے سری گنگا نگر میں سپلائی کیا جانا تھا۔ بتایا جا رہا ہے کہ اس کھیپ کا اصل مالک گنگا نگر علاقہ کا رہنے والا ہے۔

مذکورہ معلومات دیتے ہوئے پولیس سپرنٹنڈنٹ وکرانت بھوشن نے بتایا کہ گرفتار ملزم کی شناخت وکاس کمار ولد بیربل رام ساکن 2-جی تحصیل ضلع سری گنگا نگر راجستھان کے طور پر کی گئی ہے۔ گرفتار ملزم کو عدالت میں پیش کر کے ریمانڈ حاصل کیا جائے گا اور ریمانڈ کے دوران ڈوڈا پوست اسمگلنگ کے اس نیٹ ورک سے وابستہ دیگر افراد کے بارے میں معلومات حاصل کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

مسٹر بھوشن نے بتایا کہ ضلع کے اینٹی نارکوٹکس سیل، سرسا کے انچارج سب انسپکٹر اجے کمار کی قیادت میں پولس ٹیم نے اہم اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے ڈنگ روڈ علاقہ سے ڈوڈا چورا پوسٹ سے لدے ہوئے مذکورہ ٹرک اور ملزم کو گرفتار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب گزیٹیڈ آفیسر کی موجودگی میں قواعد کے مطابق ٹرک کی تلاشی لی گئی تو 117 پلاسٹک کے تھیلوں میں پیک 2245 کلوگرام ڈوڈا پوست برآمد ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں ڈنگ تھانہ میں نارکوٹک ڈرگز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

## ملک میں صرف دو آدمی سب کچھ بیچنے والے اور دو خریدنے والے بچے: کھڑگے

ستنا، 21 اپریل (یو این آئی) کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے آج بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت پر ایک کے بعد ایک حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں دو لوگ رہ گئے ہیں جو سب کچھ بیچنے والے اور دو آدمی سب کچھ خریدنے والے بچے ہیں اور وزیر داخلہ امت شاہ کی لانڈری میں آدمی بھی مسلسل دھل دھل کر صاف ہو رہے ہیں مسٹر کھڑگے مدھیہ پردیش کے ستنا میں پارٹی امیدوار سدھارتھ کشواہا کی حمایت میں ایک انتخابی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ اس سے پہلے کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی کو اس اجتماع سے خطاب کرنے کے لیے یہاں آنا تھا، لیکن صحت کی خرابی کی وجہ سے وہ یہاں نہیں آ سکے، مسٹر کھڑگے نے اس اجتماع سے خطاب کیا۔ اس دوران مسٹر کھڑگے نے مسلسل وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ مسٹر شاہ اور مرکزی حکومت پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں دو لوگ رہ گئے ہیں جو سب کچھ بیچنے والے اور دو آدمی سب کچھ خریدنے والے بچے ہیں مودی۔ شاہ، ہوائی اڈے، سڑکیں، ریلوے، بڑے بڑے عوامی ادارے، سب کچھ بیچتے جا رہے ہیں۔ جبکہ اڈانی اور امبانی سب کچھ خریدتے جا رہے ہیں۔ ملک میں صرف بڑے صنعت کاروں کے قرضے معاف کیے جا رہے ہیں لیکن غریب کسانوں کے قرضے کہیں معاف نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ کانگریس کے ساتھ تھے جب بدعنوان تھے وہ بی جے پی کے ساتھ کیسے اچھے ہو گئے؟ اسے وزیر بنایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ امیت شاہ کے پاس ایک بہت بڑی لانڈری ہے، اس میں ایک بہت بڑی واشنگ مشین ہے۔ میں نے پہلی بار سنا ہے کہ آدمی بھی شاہ کی لانڈری میں دھل کر صاف ہوتے ہیں۔ اب تک 27 لوگوں کو صاف کر کے باہر نکالا جا چکا ہے۔ مسٹر کھڑگے نے آئین کو تبدیل کرنے سے متعلق بی جے پی کے کئی ممبران پارلیمنٹ کے مبینہ بیانات پر بھی حکومت پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کہتے ہیں کہ اگر ڈاکٹر امبیڈکر اوپر سے آ جائیں تب بھی آئین نہیں بدلے گا، اگر یہ سچ ہے تو پھر ان کے ایم پی، ایم ایل اے اور راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے سربراہ بھگوت آئین کو بدلنے کی بات کیوں کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ اگر اس حکومت کو واپس لایا گیا تو ملک میں جمہوریت ختم ہو جائے گی۔ اس سے پہلے انہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ انڈیا اتحاد کو ان 102 نشستوں پر بھاری اکثریت ملے گی جہاں پہلے مرحلے میں ووٹنگ ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی بہت جھوٹ بولتے ہیں۔ بیرون ملک سے بلیک منی لانے، ہر ایک کے کھاتے میں 15 لاکھ روپے آنے، ہر سال 2 کروڑ نوکریاں دینے اور کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنے کی بات کی، لیکن کسی کو کچھ نہیں ملا۔ یہ سب ان کا جھوٹ تھا۔ انہوں نے غریبوں کو مفت اناج فراہم کرنے کی مرکزی حکومت کی اسکیم پر بھی حکومت پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ سیکورٹی کا حق پچھلی کانگریس حکومت میں بنایا گیا تھا، اس کے بعد مسٹر مودی مفت کی بات کیسے کر سکتے ہیں، ویسے بھی یہ کانگریس کا بنایا ہوا قانون ہے۔




### اے ڈی جی پی لا اینڈ آرڈر اور جی او سی نے انتخابی تیاریوں کا جائزہ لیا

سری نگر، 21 اپریل (یو این آئی) لوک سبھا انتخابات کو پر امن، آزادانہ، شفاف اور منصفانہ طریقے پر پایہ تکمیل تک پہنچانے کی خاطر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس لا اینڈ آرڈر وجے کمار اور جی او سی کلو فورس نے بارہ مولہ میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران سیکورٹی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ پولیس کے ایک ترجمان نے ایکس پر جانکاری فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ اتوار کے روز بارہ مولہ میں اے ڈی جی پی لا اینڈ آرڈر وجے کمار، اے ڈی جی سی آر پی ایف راجیش کمار اور جی او سی کلو فورس نے سیکورٹی منظر نامے اور لوک سبھا انتخابات کی تیاریوں کا ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران انتخابی عملے کی نقل و حرکت کے لئے محفوظ راستوں کی نشاندہی اور انتخابی ڈیوٹی کے لئے تعینات سیکورٹی اہلکاروں کو سہولیات بہم رکھنے کے منصوبوں پر باریک بینی سے غور کیا گیا تاکہ سیکورٹی انتظامات کو پوری طرح سے یقینی بنایا جا سکے۔ میٹنگ کے دوران اہم پولنگ اسٹیشنوں کے لئے خصوصی اقدامات کی نشاندہی کی گئی اور کسی بھی ممکنہ خطرات سے نمٹنے اور انتخابی عمل کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لئے سخت حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کے لئے حکمت عملی وضع کی گئی۔ سینئر آفیسران نے اے ڈی جی پی کو سیکورٹی پلان کے بارے میں بریفنگ دی، اے ڈی جی پی نے آفیسران پر زور دیا کہ سیکورٹی انتظامات کا از سر نو جائزہ لیا جائے۔

## اتنی سی بات، اور بھڑک اٹھا وہ!

تحریر:۔ قتیبہ جمال، مکیا، بینی پٹی مدھوبنی بہار

بسا اوقات ایسا دیکھنے کو ملتا ہے، کہ ہم ایک جماعت میں کھڑے ہیں اور کوئی اہم چیز موضوع گفتگو بنی ہوئی ہے کہ اچانک کسی کا فون بجا، وہ شخص فون اٹھاتے ہوئے: ہاں ہیلو! جی فرمائیں۔

دوسری جانب سے کچھ تلخ کلامی ہو گئی، اب یہ شخص آگ کے شعلے کی طرح بھڑک اٹھا اور فون رکھ دیا، فون رکھنے کے بعد ایک کے بعد دیگرے لوگ اس سے متوجہ ہو رہے ہیں اور وجۂ ناراضگی پوچھ رہے ہیں، اور وہ شخص مختصراً کہہ رہا ہے نہیں نہیں کچھ نہیں بس تھوڑی سی اہلیہ محترمہ سے ان بن ہو گئی۔

لیکن لوگ اسے کرید کرید کر حقائق سے آشنا ہونا چاہ رہے ہیں، جبکہ وہ شخص چار کان اور دو زبان کے درمیان کی باتیں کسی سے بتانا نہیں چاہتا، اب ایسے میں کوئی فرد آگے بڑھ کر اصرار پر اتر جاتا ہے اور جواب میں اسے سننے کو ملتا ہے کہ اپنے کام سے مطلب رکھو/ میرے معاملات سے تمہارا کیا واسطہ۔

تو آخر ایسا کیوں ہوتا ہے؟

جواب: کیوں کہ وہ اصرار کرنے والا فرد ضوابط گفتگو سے نکل چکا ہے، گفتگو کے ضوابط میں سے ایک یہ ہے کہ جب ہم کسی سے محو گفتگو ہوں تو اس سے ایسے بے جا سوالات نا کریں جس سے ہمارا کوئی تعلق نا ہو، مثلاً: آپ کی اہلیہ کو میں نے فلاں جگہ دیکھا تھا، یا یہ کہ آپ یہاں ہیں آپ کے گھر والے فلاں جگہ کیوں؟ وغیرہ

اور ایسے سوالوں سے سامنے والا فرد آپ سے محبت کے بجائے کہیں نا کہیں نفرت کو اپنے سینے میں جنم دیتا ہے ساتھ ہی آپ کی حیثیت اس کے سامنے ٹکے کی نہیں رہتی، شاید انہیں وجوہات کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعني)

آدمی کے حسن اسلام میں سے یہ بات بھی ہے کہ وہ اس کام کو چھوڑ دے جس سے اس کا تعلق نا ہو۔

اگر ہم اس حدیث کو اپنی زندگی میں شامل کر لیں تو ان شاءاللہ ہمیں کسی کی زبانی یہ سننے کو نہیں ملے گا (کہ دوسرے کے کام میں ٹانگ مت اڑاؤ)

اور بھی شاید بہت کچھ، کیونکہ بے جا سوالات انسان کو چڑ چڑا پن کا بدبودار تحفہ دے جاتا ہے □ لہذا ہمیں چاہیے کہ دوران گفتگو دوسروں کے مزاج کا خیال رکھیں۔

اللہ ہم سب کو گفتگو کا ایک عمدہ طریقہ سکھا دے آمین

### بدمعاش چھبیس لاکھ روپے سے بھری اے ٹی ایم مشین لوٹ کر فرار

الور، 21 اپریل (یو این آئی) راجستھان کے کھیرتھل تیجارا میں تاتار پور تھانہ علاقے میں پولیس ریزرو لائن کے سامنے ریکو انڈسٹریل ایریا کے اسماعیل پور روڈ پر واقع پنجاب نیشنل بینک کی اے ٹی ایم مشین کو کچھ بدمعاشوں نے اکھاڑ پھینکا اور اسے اپنی کار میں لے گئے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ہفتہ کی شب دیر گئے اس واردات میں اے ٹی ایم مشین کے اندر تقریباً 26 لاکھ روپے کی نقدی تھی۔ اب پولیس ملزمان کی تلاش کر رہی ہے۔ نامعلوم چوروں نے پولیس کی ناک کے نیچے یہ بڑی واردات کی۔ اے ٹی ایم کے قریب چائے کا کھوکھا چلانے والے راجکمار جب صبح 4 بجے چائے کا اسٹال کھولنے وہاں پہنچا تو وہاں اسے اے ٹی ایم کا شیشہ ٹوٹا ہوا اور اے ٹی ایم مشین کا شیل سائیڈ پر پڑا ہوا ملا جس سے اسے اندازہ ہوا کہ کوئی نامعلوم چور اے ٹی ایم لوت کر فرار ہو گئے ہیں۔ جس کی اطلاع اس نے قریبی انڈس کمپنی کے گارڈ اور دیگر لوگوں کو دی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی کشن گڑھ باس کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس راجندر سنگھ بھی موقع پر پہنچ گئے۔ جہاں انہوں نے پورے واقعہ کی معلومات لی۔ پی این بی کے برانچ منیجر بلرام مینا نے بتایا کہ اتوار کی چھٹی ہونے کی وجہ سے ہفتہ کو ہی اے ٹی ایم مشین میں 5.28 لاکھ روپے کی نقدی جمع ہوئی تھی، جس میں سے 5.2 لاکھ روپے کی نقدی نکالی گئی تھی اور تقریباً 26 لاکھ روپے کی نقدی اس میں پڑی تھی۔

## جموں و کشمیر کی خصوصی پوزیشن روندڈالنے میں بھاجپا کی مدد و اعانت کرنے والے خود غرضوں کو مسترد کرنا ضروری: عمر عبداللہ

سری نگر، 21 اپریل (یو این آئی) جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے اتوار کے روز کہا کہ کبھی بھی اقتدار کو اپنی منزل نہیں سمجھا اور ہم نے بار بار یہ ثابت کر کے دکھایا ہے کہ ہمیں اقتدار کی لالچ نہیں ہے، ہم اگر چاہتے ہیں تو یہاں کے لوگوں کی عزت، بقا اور وقار چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہاں کے نوجوان عزت کی روزی روٹی کمائیں، ہم چاہتے ہیں اگر ایک عام آدمی کسی سرکاری دفتر میں جائے تو کم از کم وہاں اُس کی شنوائی ہو، ہم چاہتے ہیں کہ جموں و کشمیر کو اپنا کھویا ہوا حق واپس حاصل ہو، ہم اور کچھ نہیں چاہتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ اننت ناگ میں چناوی جلسوں سے خطاب کے دوران کیا۔ پی ڈی پی کو ہدف تنقید بناتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ محبوبہ مفتی ہر تقریر میں کہتی ہے کہ نیشنل کانفرنس والے خود غرض ہیں، لیکن اپنے گریبان میں جھانکنے کی ذہمت گوارا نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا بلاک کا قیام صرف اس مقصد کیلئے وجود میں آیا کہ فرقہ پرست طاقتوں خصوصاً بی جے پی کا مقابلہ کیا جائے، اُس وقت سیٹیں نہیں دیکھیں گئیں اور اپنا فائدہ نہیں دیکھا گیا، ہم بھی جموں و کشمیر کا فائدہ دیکھنا چاہتے تھے، لیکن بدقسمتی سے آج اننت ناگ راجوری نشست پر نیشنل کانفرنس کے سامنے انڈیا بلاک کا دوسرا ممبر مقابلے میں آ گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہمارے اوپر الزام لگایا جاتا ہے کہ نیشنل کانفرنس والے خود غرض ہیں، ہر تقریر میں محبوبہ مفتی کہتی ہیں کہ نیشنل کانفرنس والے خود غرض، کیونکہ ہم نے یہی کہا کہ جو تین سیٹیں نیشنل کانفرنس پہلے ہی جیت چکی ہے یہاں پر اُمیدوار ہمارے ہونے چاہئیں، اب اگر ہم خود غرض ہیں تو کیا کانگریس والے بھی خود غرض ہیں وہ بھی تو اس نشست پر ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، کیا تاریگامی صاحب بھی خود غرض ہیں جنہوں نے میاں الطاف احمد کو حمایت دینے کا اعلان کیا ہے؟ خود غرض وہ لوگ ہیں جو انڈیا الائنس کیساتھ محض اس لئے جڑے تھے کہ انہیں کسی نہ کسی طرح سیٹ حاصل ہو سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ کرگل کے ہل کونسل انتخابات میں نیشنل کانفرنس سب سے بڑی جماعت اُبھر کر سامنے آئی اور اس وقت چیئرمین بھی نیشنل کانفرنس کا ہے اور اگر ہم خود غرض ہوتے تو ہم نے وہاں اپنا اُمیدوار کھڑا کیا ہوتا۔ ہم اس سیٹ سے محض اس لئے دستبردار ہوئے تاکہ جن لوگوں نے فرقہ پرستی کا زہر پھیلایا ہے اُن کیخلاف مقابلہ کیا جا سکے۔ جنہوں نے جموں و کشمیر کو تہس نہس کیا، جنہوں نے اس تاریخی ریاست کا بٹوارا کیا، جنہوں نے ہماری پہچان، شناخت اور انفرادیت کو زک پہنچائی اُن کا ہرایا جائے۔ اس مقصد کی خاطر ہم نہ صرف کرگل، بلکہ جموں اور ادھمپور کی سیٹوں سے بھی دستبردار ہو گئے، ہم نے تین سیٹیں اتحاد کیلئے چھوڑیں اب اس میں کون سی خود غرضی ہے؟ عمر عبداللہ نے محبوبہ مفتی سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ "آپ بہانے مت بنایئے، اگر ہم خود غرض ہیں تو یہاں کے لوگوں کو بتائیے کہ کیا نیشنل کانفرنس نے 2015 میں بی جے پی کو باہر رکھنے کیلئے پی ڈی پی کو دوستی ہاتھ نہیں بڑھایا تھا؟ کیا آپ اس حقیقت جو جھٹلا سکتی ہیں کہ ہم نے پی ڈی پی کو حکومت بنانے کیلئے غیر مشروط پیشکش کی تھی؟ ہمارا مقصد یہی تھا کہ بھاجپا کو کسی نہ کسی طرح جموں و کشمیر سے باہر رکھا جائے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ ہم نے صاف الفاظ میں کہا تھا کہ ہمیں منسٹری، راجیہ سبھا سیٹ، ایم ایل سی، چیئرمین شپ وغیرہ کچھ نہیں چاہئے، بس فرقہ پرست طاقتوں کو جموں و کشمیر کے اندر مت لائے لیکن اُس وقت قلم دوات والوں نے ہماری اس پیشکش کو ٹھکرایا اور آج یہی لوگ ہم سے سیٹ مانگ رہے ہیں، اُس وقت بھاجپا کیخلاف ہم سے مدد کیوں نہیں لی؟ اُس وقت تو آپ نے ہمیں طعنے دیئے۔ ریکارڈ گواہ ہے کہ آپ نے کہا کہ نیشنل کانفرنس والے اقتدار کے بوکھے ہیں یہ پچھلے دوازے سے اقتدار میں آنا چاہتے ہیں۔



## چودھری لال سنگھ ادھم پور کی سیٹ جیت چکے ہیں: وقار رسول وانی

جموں، 21 اپریل (یو این آئی) جموں و کشمیر پردیش کانگریس کے صدر وقار رسول وانی نے اتوار کے روز کہا کہ چودھری لال سنگھ ادھم پور کی سیٹ جیت چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی کو انڈیا الائنس کے شرکت داروں سے مکمل حمایت حاصل ہے۔ ان باتوں کا اظہار موصوف نے جموں میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔ وقار رسول وانی نے کہا: 'جہاں تک ادھم پور پارلیمانی نشست کا تعلق ہے بھاجپا کو یہاں پر لوگوں نے پوری طرح سے مسترد کیا'۔

انہوں نے کہا کہ جو اطلاعات موصول ہو رہی ہیں اس سے یہ عیاں ہو رہا ہے کہ چودھری لال سنگھ ادھم پور کی سیٹ جیت چکے ہیں۔ کانگریس صدر کا مزید کہنا تھا کہ بی جے پی کے سینئر لیڈروں نے کبھی بھی عوام کے لئے کام نہیں کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی نے جموں و کشمیر کو دو یونین ٹریٹری میں تبدیل کر کے لوگوں کو بہت بڑا دھوکہ دیا۔

وقار رسول وانی نے کہا کہ دربار موکی بندش، پانچ ہزار بجلی بلیں، سرکاری نوکریوں میں بڑے پیمانے پر دھاندلیاں اور پراپرٹی ٹیکس عائد کر کے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کیا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سب جانتے ہیں کہ لوگوں نے اس بار تبدیلی کو ووٹ دیا ہے اور جموں پارلیمانی نشست پر بھی کانگریس امیدوار جیت حاصل کرے گا۔ رویندر رینا کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں وقار رسول وانی نے کہا کہ بھاجپا صدر کھوکھلے نعرے لگانے میں چمپین ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جموں و کشمیر کی پانچ پارلیمانی نشستوں پر انڈیا الائنس کے امیدوار جیت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ وقار رسول وانی نے کہا کہ بی جے پی نے کشمیر سے کوئی امیدوار کھڑا نہیں کیا جو اس بات کا بین ثبوت ہے کہ کشمیر کے لوگ بی جے پی کی پالیسیوں سے ناراض ہیں۔

## مراد آباد: بی جے پی امیدوار کی آخری رسومات کی ادائیگی

مراد آباد: 21 اپریل (یو این آئی) اتر پردیش کی مراد آباد سیٹ سے بی جے پی امیدوار و سابق ایم پی سرویش سنگھ کی اتوار کو آخری رسومات کی ادائیگی کر دی گئی۔ تقریباً تین بجے بیٹے ایم ایل اے سشانت سنگھ نے انہیں مکھیہ اگنی دی۔ بی جے پی امیدوار کا پورے سرکاری اعزا کے ساتھ آخری رسومات کی ادائیگی ہوئی۔ سابق ایم پی سرویش سنگھ کی آخری یاترا میں عوام کا جم غفیر امڈ آیا۔ بی جے پی لیڈر کے آبائی گاؤں رتو پورا، ٹھاکر دوار میں آخری رسومات کی ادائیگی کی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ مراد آباد سیٹ سے بی جے پی امیدوار سرویش سنگھ کا ہفتہ کو ایمس اسپتال دہلی میں علاج کے لئے دوران ہائی اٹیک صے انتقال ہو گیا تھا۔ آخری رسومات کی ادائیگی سے قبل بی جے پی لیڈر کو پولیس کے جوانوں نے سلامی دی۔ اس موقع پر اپنے مقبول ترین لیڈر کے اخری دیدار کے لئے مراد آباد ڈویژن کے ساتھ گاؤں دیہات سے آئے لوگوں کی بھیڑ جمع ہو گئی۔

## پروفیسر انیس صدری نہایت خلوص کے پیکر ہیں: پروفیسر شہاب
## پروفیسر انیس صدری کی کتاب یاس بہاری کے حیات و خدمات کا رسم اجراء عمل میں آیا

سمستی پور (محمد مصطفی) سمستی پور ضلع کے مشہور و معروف محلہ فاضل پور کے صدری ولا میں نہایت تزک و احتشام کے ساتھ گزشتہ روز تقریب یاس بہاری حیات و خدمات تصنیف پروفیسر حافظ محمد انیس صدری کے زیرو اہتمام نگراں فاضل پور عمل میں آیا جس میں بہار کے مختلف کالج و یونیورسٹی کے پروفیسران بالخصوص پٹنہ یونیورسٹی کے شعبہ اردو کے صدر پروفیسر شہاب ظفر اعظمی پروفیسر رضوان اللہ علی فردوسی عبدالمنان طرزی کے علاوہ مختلف یونیورسٹی کے سرکردہ پروفیسران کی شرکت باعث مسرت ہوئی یاس بہاری کے حیات خدمات پر تحقیقی مقالہ سے متعلق اپنے آپ بیتی کو پروفیسر انیس صدری نے سامعین کے سامنے رکھی و مقالہ سے متعلق اپنی باتوں کو رکھا گیا تقریب کا آغاز ڈاکٹر حماد صدری کی تلاوت قران سے ہوا جبکہ تقریب کی صدارت پروفیسر عبدالمنان نے کی نظامت کا فریضہ ابصار عالم سلفی نے کی تقریب رسمی اجلاس میں مختلف یونیورسٹی کے پروفیسر نے اپنے اپنے تاثرات سامعین کے سامنے رکھا پٹنہ یونیورسٹی کے صدر شعبہ اردو نے پروفیسر صدری کے فکری علمی اور ادبی صلاحیتوں سے روشناس کراتے ہوئے کہا کہ صدری صاحب نہایت خلوص کے پیکر ہیں پروفیسر رضوان اللہ نے کہا کہ تحقیق کرنے والے طلبہ کو نہایت خلوص کے ساتھ کسی بھی عنوان پر تحقیق کرنی چاہیے جبکہ پروفیسر علی فردوسی نے جناب صدری صاحب کے طالب علمی کی زندگی کو واضح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قران و حدیث کے علوم کے ساتھ عصری علوم کی طرف متوجہ کرنا لوگوں کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ یاس بہاری بڑے دور رس صفت کے آدمی تھے صدری صاحب نے ان پر تحقیق کر کے بڑا کام کیا جبکہ ڈاکٹر عبدالمنان طرزی نے اپنے شعری کلمات کے ذریعے سامعین کے دل کو جیت لیا موقع پر تقریب میں اسلام سلفی عبدالقادر اسلام فیضی غضنفر شکیل فیضی رحمن راحت محمد مراد، مولانا نظام الدین ندوی ڈائریکٹر الھدی اردو لائبریری چک پہاڑ سمستی پور وغیرہ شامل ہوئے تقریب کو کامیابی سے ہم کنار کرنے والوں میں مرغوب صدری علیگ۔ راشد صدری۔ حارث صدری عدنان صدری۔ فاخر صدری کے علاوہ دیگر لوگ پیش پیش تھے۔



## اننت ناگ میں دہشت گردوں کا منصوبہ ناکام، آئی ای ڈی کو ناکارہ بنا دیا گیا: دفاعی ترجمان

سری نگر، 21 اپریل (یو این آئی) انتخابی تیاریوں کے بیچ سیکورٹی فورسز نے اتوار کے روز جنوبی ضلع اننت ناگ میں آئی ای ڈی برآمد کی جس کو بعد ازاں ناکارہ بنا دیا گیا۔ سری نگر نیشن دفاعی ترجمان نے ایکس پر جانکاری فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ فوج اور پولیس نے ایک مشترکہ آپریشن کے دوران جنوبی ضلع اننت ناگ کے چیک پانچارہ علاقے میں آئی ای ڈی کو برآمد کیا۔ انہوں نے بتایا کہ آئی ای ڈی کی برآمدگی کے بعد بم ناکارہ بنانے والی ایک ٹیم کو جائے موقع پر طلب کیا گیا جس نے اس بارودی شئے کو بغیر کوئی نقصان پہنچائے ناکارہ بنا دیا۔ موصوف ترجمان کے مطابق فوج نے دہشت گردوں کے ایک بڑے منصوبے کو ناکام بنا دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جنوبی کشمیر میں آئی ای ڈی برآمدگی کے بعد سیکورٹی فورسز کو مستعد رہنے کے احکامات صادر کئے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر کشمیر کے سبھی اضلاع میں فوج کی چوکسی بڑھائی گئی ہے جبکہ خصوصی ناکہ چیکنگ کے دوران گاڑیوں اور مسافروں کی باریک بینی سے تلاشی لی جا رہی ہیں۔ دریں اثنا پولیس نے معاملے کی نسبت کیس درج کر کے تحقیقات شروع کی ہے۔

## کھڑگے، راہل اور پرینکا نے مہاویر جینتی پر عوام کو مبارکباد دی

نئی دہلی، 21 اپریل (یو این آئی) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، پارٹی کے سابق صدر راہل گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے مہاویر جینتی کے موقع پر اہل وطن کو مبارکباد دی ہے اور اس مقدس تہوار پر سب کی خوشحالی کی خواہش کی ہے مسٹر کھڑگے نے کہا "مہاویر جینتی کے پر مسرت موقع پر ہماری دلی مبارکباد بھگوان مہاویر کی زندگی اور تعلیمات ہمیں مہربان اور سادہ رہنے کی ترغیب دیتی ہیں ان کی تعلیمات ہمیں خوشی، قناعت اور بے لوث زندگی کی راہ دکھاتی ہیں یہ تہوار سچائی، عدم تشدد اور ہم آہنگی کے تئیں ہر ایک کے عزم کو مضبوط کرے۔" مسٹر گاندھی نے کہا "جین مت کے 24 ویں تیرتھنکر بھگوان مہاویر کے یوم پیدائش پر اہل وطن کو دلی مبارکباد اور نیک خواہشات۔ بھگوان مہاویر کی زندگی، ہمدردی اور انسانیت کی ان کی تعلیمات ہم سب کے لیے تحریک کا ذریعہ ہیں۔" محترمہ پرینکا گاندھی نے کہا "سماجی تبدیلی کے علمبردار اور سچائی، عدم تشدد اور ہمدردی کے سب سے بڑے متلاشی بھگوان مہاویر کے یوم پیدائش پر مبارکباد۔ ان کے اصول اور نظریات عالمی بھائی چارے اور انسانی فلاح کا راستہ ہیں۔"



## کار اور بائیک کی ٹکر سے تین کی موت، چھ زخمی


سنبھل: 21 اپریل (یو این آئی) اتر پردیش کے ضلع سنبھل کے بہجوئی علاقے میں نیشنل ہائی وے پر کار اور بائیک میں ٹکر ہو جانے سے ایک خاتون سمیت تین کی موت ہو گئی اور چھ زخمی ہو گئے۔ ضلع مراد آباد کے تھانہ بلاری کے محلہ ہرش نگر باشندہ شیاما دیوی (65) سال اپنی لڑکی کے بیٹے انمول (25) اور بلاری کے ہی محلہ ساہو گنج باشندہ چرن سنگھ کی بیٹی سنگم کے ساتھ اتوار کی دوپہر کے وقت بائیک سے بلند شہر سے آ رہے تھے اور بہجوئی کی طرف سے ایک بار ببرالا کی طرف جا رہی تھی۔ راستے میں علی گڑھ مراد آباد نیشنل ہائی وے پر بہجوئی تھانہ علاقے کے تحت گرام جیت پور کے نزدیک کار اور بائیک میں ٹکر ہو گئی۔ ٹکر اتنی تیز تھی کہ کار بے قابو ہو کر پلٹ گئی اور بائیک سڑک پر گر گئی۔ حادثے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور زخمیوں کو بہجوئی سی ایچ سی لے کر آئی۔ سی ایچ سی میں ڈاکٹر نے بائیک سوار انمول اور اس کی نانی شیاما دیوی اور کار میں بیٹھی سنبل گیٹ چندوسی باشندہ پرویش (38) کو مردہ قرار دے دیا۔ اور زخمی سنگم اور کار سوار تھانہ چندوسی کے سنبھل گیٹ باشندہ مہاویر، دیپا، مہک، پربھا اور جئے شری زیر علاج ہیں۔

## حد بندی گوگل پر کی گئی عملی طور پر نہیں، این سی اور پی ڈی پی نے لوگوں کے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کیا: غلام نبی آزاد


سری نگر، 21 اپریل (یو این آئی) پروگریسیو آزاد پارٹی کے سربراہ غلام نبی آزاد نے اتوار کے روز کہا کہ حد بندی گوگل پر کی گئی عملی طور پر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حد بندی کے عمل سے سیاسی امیدواروں کو بھی کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اننت ناگ میں روڈ شو کے دوران غلام نبی آزاد نے کہا کہ حد بندی کمیشن کو جموں صوبے میں پارلیمانی سیٹ بڑھانی چاہئے تھی لیکن انہوں نے اننت ناگ نشست کو راجوری سے جوڑ کر صحیح فیصلہ نہیں لیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حد بندی گوگل پر کی گئی عملی طور پر نہیں، اگر کمیشن کے ممبران اننت ناگ سے راجوری تک گاڑی میں سفر کرتے تو انہیں پتہ چلتا کہ دونوں علاقوں میں کتنا لمبا فاصلہ ہے۔ ان کے مطابق اس وقت عوام کے ساتھ ساتھ سیاسی امیدواروں کو بھی کافی دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ غلام نبی آزاد نے پی ڈی پی اور این سی کو ہدف تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ دونوں جماعتوں نے اپنے اپنے ایجنڈوں کو لوگوں کی ضروریات پر ترجیح دی اور ذاتی فائدے کے لئے لوگوں کے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر تقسیم کی سیاست کو مسترد کر سکتے ہیں اور ترقی کی راہ اپنا سکتے ہیں جس سے ہر فرد کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے سیاسی لیڈروں پر تنقید کی کہ وہ جنوبی کشمیر میں ووٹ مانگ رہے ہیں جبکہ لوگوں کو ٹھوس فوائد پہنچانے میں ناکام رہے ہیں۔ آزاد نے زور دے کر کہا، "یہ وقت ہے کہ ہم اپنے لیڈروں کو جوابدہ بنائیں۔" بہت سے لوگ جنوبی کشمیر میں ووٹ مانگ رہے ہیں، لیکن انہوں نے لوگوں کے لئے کچھ نہیں کیا۔ غلام نبی آزاد نے خطے کو درپیش اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی لگن کا اعادہ کیا۔

# شکچھا اور اتیہاس - ایک اجمالی جائزہ

ڈاکٹر محمد ارمان، اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اُردو۔ کامتا پرساد سنہا کالج، کٹاری ہل روڈ، گیا (بہار) رابطہ نمبر: 8210252026




''شکچھا اور اتیہاس'' ڈاکٹر سید ہمایوں اختر کی ہندی میں لکھی ء ایک قابل مطالعہ کتاب ہے۔ پیشے سے ایک سرکاری اسکول کے ٹیچر ہیں لیکن یہ علم کی قدر ہے کہ اس کتاب کا اجراء عزت مآب گورنر بہار راجندر وشوناتھ آرلیکر نے ۲۹ر فروری ۲۰۲۴ء کو کیا۔ اس سے اس کتاب کی افادیت کا پتہ چلتا ہے۔ کتاب تیس مقالوں پر مشتمل ہے جو مختلف سیمینار میں پڑھے گئے ہیں اور مختلف رسائل میں چھپے ہیں۔ ہر مقالہ موضوع کے اعتبار سے کافی اہمیت رکھتا ہے۔ خود بھی تواریخ میں ایم۔ اے۔ اور پی۔ ایچ۔ ڈی۔ ہیں۔ اس کتاب میں ہندوستان میں تعلیم کے فروغ کی تاریخ ہے جو مختلف ادوار میں ہوئی ہے۔ کتاب 346 صفحات پر مشتمل ہے اور ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی سے اشاعت شدہ ہے۔ مصنف نے بہت ہوشیاری سے اس کتاب میں مسلمان حکمرانوں اور مسلم دانشوروں بشمول سر سید احمد خان، ڈاکٹر اے۔ پی۔ جے ابوالکلام، مسلم خانقاہوں کی تعلیم کے فروغ میں نمایاں خدمات کا تذکرہ کیا ہے لیکن یہ صرف مسلم دانشوروں تک محدود نہ رہے۔ بلکہ غیر مسلم دانشور بھی اس کا مطالعہ کریں اس کے لئے پہلی حکمت عملی یہ اپنائی گئی کہ گورنر بہار سے اجراء کرعایا گیا۔ دوسری حکمت عملی سبودھ کمار نندن، سفیر نامہ نگار پربھات خبر پٹنہ سے تبصرہ لکھوایا گیا۔ تیسری حکمت عملی، ہندی زبان میں کتاب لکھی




گئی۔ مسلمانوں پر یہ الزام ہے کہ یہ صرف اُردو، اُردو کی رٹ لگاتے رہتے ہیں جب کہ حقیقت میں ایسی بات نہیں ہے۔ مسلم ادیبوں نے ہندی زبان میں بہت سی کارآمد کتابیں لکھی ہیں۔

چوتھی حکمت عملی کتاب کی شروعات ہندوستان کے قدیم اُستاد، آچاریہ چانکیہ سے کی ہے۔ اس مقالہ سے چانکیہ کی تعلیمی خدمات کا بھی پتہ چلتا ہے اور ان کی زندگی کے متعلق بھی علم ہوتا ہے۔ چانکیہ کا اصلی نام وشنو گپت تھا۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد یہ چانکیہ کہلائے۔ اس کی وجہ ہے جب وہ مگدھ چھوڑ کر ٹیکشیلا آئے تو اپنے ساتھ ایک نوعمر لڑکا لیتے آئے اور اُسے اکھنڈ بھارت یعنی متحد ہندوستان کے بادشاہ کے طور ترتیب کرنے لگے۔ اور آخر کار اپنی سیاسی سوجھ بوجھ کی بنیاد پر چانکیہ نے اپنے شاگرد چندر گپت کو مگدھ کا راجا بنوا دیا جو آسان کام نہیں تھا اس لئے اس وقت بھی ہندوستان مختلف ٹکروں میں بنٹا ہوا تھا۔ چانکیہ جمہوری نظام سے شاہی نظام کو بہتر مانتے ہیں بہر حال یہ مقالہ • ثابت کرتا ہے کہ آچاریہ چانکیہ قدیم ہندوستان میں تعلیم کے فروغ کے ساتھ سیاست کے میدان کے کامیاب کھلاڑی تھے۔ اس مقالہ کا مطالعہ تواریخ کا علم حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے اس میں محققین کے لئے کافی مواد ہے۔




پانچویں حکمت یہ ہے کہ کتاب کے شروع میں ڈاکٹر اویناش کمار جھا ایسوسی ایٹ پروفیسر، پوسٹ گریجویٹ ڈیپارٹمنٹ پاٹلی پترا یونیورسٹی، پٹنہ کا اظہار خیال ہے جو کتاب کی افادیت میں چار چاند لگاتا ہے۔ چھٹی حکمت عملی یہ ہے کہ ہندی کے اشلوک اور قرآن کا حوالہ بھی علم کے تعلق سے کتاب کے شروع میں دیا گیا ہے اور علم کے تعلق سے مشہور دانشوروں اور مذہبی رہنماؤں جیسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت شیخ سعدیؒ، آچاریہ چانکیہ، جیستید سو، نیلسن منڈیلا کے اقوال شامل کئے گئے ہیں۔ ان سب حکمت عملیوں سے کتاب کی تاریخی اور علمی اہمیت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ایک نوجوان اور وہ بھی مڈل اسکول کے ٹیچر سے اس طرح کی کتاب تصنیف ہوجانا اپنے آپ میں ایک بڑا کارنامہ ہے۔ اس کی قدر کی جانی چاہئے اور اس کا مطالعہ کیا جانا چاہئے۔

کتاب کے درمیان میں ہندوستان میں وسطی عہد میں صوفیاء کے ذریعہ تعلیم کے فروغ کو بتایا گیا ہے۔ خاص طور پر شیخ ارزانی خیشگی کا ذکر صوفی سنت کے طور پر کیا گیا ہے حالانکہ ہندوستان میں بہت سارے صوفیاء نے تعلیم کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں لیکن تفصیلات سے گریز کیا گیا ہے۔ اور چونکہ آپ ارزانی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اس لئے اس خانقاہ کا خاص طور سے ذکر کیا گیا ہے۔ آخر مختصر میں 346 ویں صفحات کی کتاب میں ساری باتیں تو تحریر ہو نہیں سکتی جو بھی تحریر شدہ ہے مصنف کی سخت محنت اور تحقیقی اور گہرے مطالعہ کا نتیجہ ہے۔

مسلم حکمرانوں میں سلطان علاء الدین خلجی، تاریخ فیروز شاہی کے حوالے سے ان کی معاشی اصلاحات کا ذکر ہے۔ اس کے علاوہ لودھی حکمرانوں شیر شاہ سوری، مغلیہ حکمراں بادشاہ نورالدین، محمد جہانگیر کی کدمات کا تذکرہ ہے۔ بنگال میں برطانوی حکومت کے قیام سے متعلق تفصیل ہے۔ ۱۶۰۰ برس ایسٹ انڈیا کمپنی کے قیام اور اس کے بردریج توسیعی پالیسوں پر بھی بحث کی ہے۔ برطانوی عہد کے مشہور مصلح راجا رام موہن رائے کے اصلاحی کارناموں کو بیان کیا گیا ہے۔ ملت اسلامیہ اور ہندوستان میں سر سید احمد خان کا نام محتاج تعارف نہیں۔ تعلیم کے فروغ میں سر سید احمد خان کا نمایاں حصہ رہا ہے۔ ان کے ذکر کے بغیر ہندوستان میں تعلیم کی تاریخ ادھوری رہے گی۔ علی گڑھ یونیورسٹی کا قیام، انگریزی تعلینم کی پرُزور وکالت یہ سر سید احمد خاں کا نمایاں کارنامہ ہے۔ انیسویں مقالہ ان کی تعلیمی خدمات کا تفصیلی جائزہ ہے۔ کتاب میں ہندوستان میں مرکزی اور ریاستی تعلیمی پالیسیوں کا تذکرہ ہے۔ خاص طور پر مرکزی حکومت کی نئ تعلیم پالیسی ۲۰۲۰ء کی قومی تعلیمی پالیسی کا تذکرہ ہے اور اسے بہترین تعلیمی رہنما خطوط تسلیم کیا گیا ہے۔ آزاد ہندوستان کے پہلے مولانا ابوالکلام آزاد کی تعلیمی خدمات کی بھی تفصیل ہے۔ سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر اے۔ پی؛ جے ابوالکلام کو عظیم ماہر تعلیم اور عظیم سائنسداں کے طور پر تذکرہ کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ صوبۂ بہار کے شہر عظیم آباد یعنی پٹنہ کی تعلیمی حیثیت اور خدمات کو بھی اُجاگر کیا گیا ہے۔ اس چھوٹی سی کتاب میں اجمالی طور پر یعنی مکمل تو تو نہیں لیکن اجمالی طور پر ہندوستان اور صوبہ بہار میں تعلیم و تعلم کی تاریخ بیان کی گئی جو مکمل تو نہیں لیکن ناکافی بھی نہیں کہی جاسکتی۔ جب بھی ہندوستان میں تعلیم کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے گا اس کتاب کی ضرورت محسوس کی جائے گی۔ ڈاکٹر ہمایوں اختر کی یہ کاوش علم کے میدان میں اور تحقیقی کے شعبہ میں ایک گرانقدر اضافہ ہے۔ اس سے ہندوستان میں مختلف عہد میں تعلیم کے فروغ کے سلسلے میں قیمتی معلومات ملتی ہے اور تحقیق کرنے والوں کو جو ہندوستان میں تعلیمی تاریخ پر لکھنا اور تحقیقی کرنا چاہتے ہیں، یہ کتاب مشعل راہ ہے۔

## مدارس اسلامیہ میں تعلیمی سال کا آغاز

مدارس اسلامیہ میں تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے، دارالعلوم دیوبند، ندوۃ العلماء لکھنو اور مظاہر العلوم جیسے تعلیمی اداروں میں طالبان علوم نبوت پہنچ چکے ہیں اور بعض مدارس میں داخلے کا سلسلہ جاری ہے، ہر ریاست کے ہر اضلاع میں دینی تعلیمی ادارے کا جال پھیلا ہوا ہے جہاں سے ہر سال اچھی خاصی تعداد میں بچے تعلیم مکمل کر کے دوسرے تعلیمی ادارے کا رخ طے کرتے ہیں، موجودہ وقت میں چھوٹے بچے اپنے علاقوں کے مدرسے میں ہی تعلیم حاصل کریں یہ ان کے لئے اچھا ہے، موجودہ حالات کے تناظر میں یہ بہتر بھی ہے، کسی سرپرست یا نگراں کے ساتھ ہی گھر سے باہر دور دراز مدرسہ کے لئے نکلیں، اکیلے گھر سے باہر کوسوں دور جانا صحیح نہیں ہے، ملک کے حالات دن بدن خراب ہوتے جا رہا ہے، خاص کر دینی تعلیم و تربیت حاصل کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے، ڈارھی، ٹوپی اور کرتا پائجامہ سے لوگوں کو تکلیف ہے، سیاستداں سفید کرتا پائجامہ پہنیں تو دودھ کے دھلے معلوم ہوتے ہیں کوئی غلطی، کوئی جرم اور کوئی گناہ نہیں ہوتا ہے، وہی مدارس کے طلباء و اساتذہ کرام کرتا پائجامہ پہنتے ہیں تو ان کو دہشت گرد لگنے لگتا ہے، حالانکہ سیاستداں کا دامن خون سے سیاہ ہوتا ہے اپنے کالے کرتوت، داغ، دھبے کو چھپانے کے لئے سفید کرتا پائجامہ کا استعمال کرتے ہیں، مدارس کے طلباء و اساتذہ کرام بے گناہ ہوتے ہیں، ہر طرح کے عیب سے پاک و صاف ہوتے ہیں۔

مدارس اسلامیہ میں سال کے آغاز میں اساتذہ کرام کا خطاب ہوتا ہے، جو کہ طلباء عزیز کے لئے پند و نصیحت اور مستقبل کے لئے لائحہ عمل ہوتا ہے اور یہ مہمان رسول کے لئے بہت ہی فائدہ مند اور موثر ثابت ہوتا ہے، خوش نصیب ہیں، وہ طلباء جن کو اللہ رب العزت نے علم دین کے لئے منتخب کیا، ان کے لئے سمندر کی مچھلیاں بھی دعائیں کرتی ہیں، طالبان علوم نبوت اللہ عزوجل کے مہمان ہیں، کوئی طلباء دوران علم مرتا ہے تو وہ شہید کہلاتا ہے، طالبان علوم نبوت کا بہت ہی مقام و مرتبہ ہے، آپ خوش قسمت ہیں کہ اللہ تبارک تعالی نے علم دین کے لئے انتخاب کیا، تاکہ حافظ و قاری اور عالم دین بن کر قوم و ملت کی صحیح رہنمائی و سرپرستی کا کام انجام دے سکیں اور انبیاء کے مشن کو جاری و ساری رکھ سکیں، اب کوئی انبیاء و رسول نہیں آئے گا علماء کرام ہی انبیاء کے سچے وارث و امین ہیں، اس لئے ضرورت ہے کہ طلباء اپنے مشن میں یکسو ہو کر علم دین حاصل کریں دین و دنیا میں کامیابی و سرخروئی کے بعد ملک و ملت میں نمایاں کردار ادا کریں۔

طلباء عزیز اپنا قیمتی پڑھنے لکھنے اور معالعہ میں صرف کریں، اساتذہ کرام سے کسی بھی مسئلہ پر بار بار استفسار کرتے رہیں، کوئی بھی شکوک و شبہات کو ذہن دماغ کے دریچے میں باقی نہ رہنے دیں، کتابوں سے دوستی کریں، اساتذہ کرام سے ہمیشہ صلاح و مشورہ کرتے رہیں، صلاحیت و قابلیت پیدا کرنے کے لئے اچھی کتابوں کا مطالعہ بہت ضروری ہے، مطالعہ سے سوچ و فکر کا دروازہ کھولتا ہے، طالبان علوم نبوت لہولعب کھیل، گھومنے پھرنے سے بچیں لایعنی باتوں میں اپنا قیمتی وقت ضائع نہ کریں، پنجوقتہ نمازوں کا اتمام کریں، مدارس و مساجد و خانقاہ سمیت ملک عزیز کے لئے دعاء کا اہتمام کریں، اگر طلباء مدرسے کی زندگی میں کامیاب ہو گئے تو دین و دنیا کی زندگی آسان ہو جائے گی، دنیا کا مشکل ترین امتحان بھی سہل ہو جائے گا، بس شرط ہے کہ اچھے سے محنت کی جائے، مدرسہ محنت و مشقت کی جگہ ہے، خوب دلجوئی و محنت لگن کے ساتھ تعلیم پر توجہ دیں، اللہ ہر راستے کو آسان کر دے گا۔

محمد قمر عالم ندوی
محلہ کریمیہ، گڑھول شریف، سیتا مڑھی
بہار، انڈیا

# مزارات بقیع کی مسماری: سعودی عرب کا تجدیدی کارنامہ

فیصل عزیز عمری, (استاد جامعہ امام ابن تیمیہ)



دنیا میں اسلام کے ظہور کا بنیادی مقصد انسانیت کو کفر و شرک اور بدعت و خرافات کی تاریکیوں سے نکال کر توحید کی روشنی کی طرف لانا تھا۔ بندوں پر اللہ تعالی کا سب سے اہم اور بڑا حق یہ ہے کہ اس کی ذات کو ہر قسم کے شرک سے پاک رکھے، دین کو خالص اسی کے لیے کر دے اور اپنی تمام عبادات کا محور صرف اور صرف اللہ تعالی کی ذات کو مانے۔ قران کریم میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ''**وماامروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین الدین**'' ترجمہ: ''انہیں اس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیا کہ صرف اللہ کی عبادت کریں اور اسی کے لئے دین کو خالص رکھیں''۔ اور فرمایا: ''**وماخلقت الجن والانس الا لیعبدون**'' ترجمہ: ''میں نے جنات اور انسانوں کو محض اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ صرف میری عبادت کریں''۔

اسلام میں ایسے تمام اعمال کی ممانعت ہے، جس کے اندر شرک اور بدعات و خرافات کی امیزش ہو۔ اسلام نے ان تمام راستوں کو مسدود کیا ہے جو انسان کو کفر و شرک کی طرف لے جاتے ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ کتاب و سنت کے اندر جابجا ایسے کاموں سے منع کیا گیا ہے جس میں انسان کے ایمان اور عقیدہ کے بگاڑ کا امکان اور شائبہ ہو۔

اولیاء کرام اور بزرگان عظام کی شان میں غلو قدیم زمانے سے لے کر اب تک شرک کا ایک اہم باب رہا ہے۔ خاص طور سے اولیاء کرام اور ائمہ عظام کی وفات کے بعد ان کی قبروں کو پختہ کرنا، ان پر عمارتیں تعمیر کروا کر ان کو مزار بنانا اور پھر صاحب قبر سے فریاد، ان کے لیے سجدہ، ان سے منتیں مانگنا اور طرح طرح کی بدعت و خرافات انجام دینا قدیم زمانے سے لوگوں کی گمراہی کا ایک اہم سبب رہا ہے۔ اسلام نے اسی لیے انبیاء، اولیاء اور بزرگان دین کی قبروں پر عمارت کی تعمیر اور مزارات بنانے سے سختی سے منع فرمایا ہے: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''یہود و نصاری پر اللہ کی لعنت ہو انہوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا تھا''۔ اس معنی کی احادیث بخاری، مسلم، نسائی، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ، مسند احمد بن حنبل، موطا امام مالک اور جتنی بھی احادیث کی معتبر کتابیں ہیں ان کے اندر بکثرت ملتی ہیں۔

کتاب و سنت کے اندر نہ صرف بزرگوں کی قبروں پر مزارات کی تعمیر کو حرام قرار دیا گیا ہے بلکہ قبروں کو پختہ بنانے، انہیں بلند کرنے اور ان کی اردگرد کسی بھی قسم کا امتیازی نشان بنانے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ ایک موقوف حدیث ہے کہ: **أَنَّ عليًّا رضی اللّٰهُ عنه بعَث صاحبَ شُرْطَةٍ فقال: أبعَثُك لِما بعثَني له رسولُ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عليهِ وسلَّمَ لا تَدَعْ قبرًا إلا سوَّيْتَه ولا تِمثَالًا إلا وضَعْتَه** (رواہ المسند بسند صحیح) ترجمہ: ''علی رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک پولیس افسر کو بھیجا اور کہا کہ میں تمہیں اس کام پر بھیج رہا ہوں جس کام پر اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا یہ کہ میں ہر قبر کو برابر کر دوں اور ہر مورتی کو زمین دوز کر دوں۔

اسلام کی انہی روشن تعلیمات اور عقیدہ توحید کی حفاظت و صیانت کی خاطر عہد نبوت، عہد صحابہ، تابعین اور عہد تبع تابعین میں ہم دیکھتے ہیں کہ قبروں پر کسی بھی قسم کی عمارت کی تعمیر نہیں کی گئی، نہ مزارت بنائے گئے اور نہ قبروں سے اپنی مرادیں وابستہ کی گئیں''۔

اسلامی سماج کے اندر توحید کا پرچم اپنی پوری شان اور بان کے ساتھ تین صدیوں تک لہراتا رہا۔ لیکن مرور ایام اور امتداد زمانہ کے ساتھ جب عجمیوں میں اسلام کا دائرہ بڑھا تو عجمی ادیان و مذاہب سے بہت ساری چیزیں مسلمانوں کے یہاں سرایت کر گئی اور پھر ان کے ہاں بھی وہی خرابیاں در آئیں جو مشرک اقوام میں تھیں۔

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''مزاروں اور قبروں کی تعمیر خیر القرون میں نہیں ہوئی بلکہ تیسری صدی ہجری کے اواخر میں رافضیوں کے ہاں اس کا اغاز ہوا اور پھر صوفی سلسلوں کے ذریعے مسلم سماج میں پھیل گیا''۔

اور پھر اس کے بعد عالم اسلام پر ایک ایسی فضا طاری ہو گئی کہ ہر جگہ ائمہ کرام اور اولیاء عظام کی قبروں پر مزارات کی تعمیر اسلامی تہذیب و تمدن کا ایک جزو لاینفک تصور کیا جانے لگا۔ اسلام جس توحید اور خالص عقیدے کی تنصیب کے لیے ایا تھا وہ کہیں گم ہو گیا اور توحید کی جگہ شرک و کفر اور بدعت و خرافات اور غیر اسلامی رسم و رواج نے لے لی۔ جو عبادتیں صرف اللہ تعالی کے لیے ہونی چاہیے تھی جو سر صرف اللہ کے سامنے جھکنا چاہیے تھا، جو منتیں، دعائیں اور فریادیں اللہ سے وابستہ ہونی چاہیے تھیں وہ سب کی سب غیر اللہ سے منسوب ہونے لگیں۔ اور یہ سب کچھ اس زعم کے ساتھ ہوا کہ ہم توحید کے علمبردار ہیں۔

اردو کے مشہور شاعر علامہ الطاف حسین حالی نے مسلم سماج کے اندر مزاروں کی وجہ سے پیدا ہوئی خرابیوں کا نقشہ کھینچتے ہوئے اس طرح کہا ہے:

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر
جو ٹھہرائے بیٹا خدا کا تو کافر
کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر
جھکے آگ پر بہر سجدہ تو کافر
مگر مومنوں پر کشادہ ہیں راہیں
پرستش کریں شوق سے جس کی چاہیں
نبی کو جو چاہیں خدا کر دکھائیں
ولیوں کا رتبہ نبی سے بڑھائیں
مزاروں پہ جا جا کے مانگیں دعائیں
نہ توحید میں کچھ خلل اس سے آئے
نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

اللہ سبحانہ و تعالی کی بے شمار رحمتیں اور عنایتیں نازل ہوں مجدد القرن شیخ محمد بن عبدالوہاب اور مملکت سعودی عرب کے فرمانرواوں پر جنہوں نے عالم اسلام کے اندر کفر و شرک اور بدعت و خرافات کی تاریکیوں کو تحریکی سطح پر دور کیا۔ توحید اور عقیدہ کی اصلاح کے لیے اپنی ساری توانائیاں صرف کر دی۔ غیر اللہ کی عبادت اور پرستش کے جتنے بھی بھی مظاہر تھیان تمام کو مسمار کیا اور جہاں جہاں بھی شرک و کفر کے رموز مسلم سماج کے اندر تھے ان سب کے خلاف تیغ براں ثابت ہوئے۔ انہوں نے اس سلسلے میں کسی بھی لومت لائم کی پرواہ نہیں کی بڑی سی بڑی طاغوتی طاقت کو خاطر میں نہیں لایا بلکہ جس توحید کو لے کر انبیاء کرام اس دنیا کے اندر تشریف لائے تھے اس توحید کو پھر سے سرخرو اور سر بلند کرنے کے لیے بے پناہ قربانیاں پیش کیں جس کی وجہ سے کچھ اپنے بھی ان سے ناراض ہو گئے لیکن مملکت سعودی عرب کا شاید یہی کہنا تھا کہ

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
ہم زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکے قند

خالص عقیدہ توحید کی نشر و اشاعت اور مسلم سماج میں کفر و شرک اور بدعت و خرافات کے ازالے کے لیے یوں تو مملکت سعودی عرب نے بے شمار قسم کے اقدامات کیے لیکن ان کا سب سے بڑا اور سب سے اہم قدم جس نے شرک و بدعت کے ایوان میں زلزلہ پیدا کر دیا تھا 8 شوال سن 1344 ہجری میں بقیع کے اندر تعمیر مزاروں کا انہدام ہے۔ جس نے عالم بدعت و شرک کے اندر ایک طوفان کھڑا کر دیا۔ کچھ اپنے بھی ان کی اس خالص دینی عمل سے وقتی طور پر ناراض ہو گئے۔ لیکن شرک و کفر اور بدعات و خرافات کے ایوان میں آج بھی ماتم پسرا ہوا ہے۔

ہر وہ شخص جسے اللہ تعالی نے عقل سلیم سے نوازا ہو اور ہر مسلمان جو اسلام کے نظریے توحید کو سمجھتا ہو وہ یقینا سعودی عرب کے ذریعہ مزاروں کی مسماری کے جرأت مندانہ عمل کو ایک اصلاحی اور تجدیدی کارنامہ گردانے گا۔ کیونکہ یہ جگ ظاہر ہے کہ یہ مزارات اور یہ قبروں پر یہ عمارتیں شرک و کفر کے کھلے اڈے ہیں اور افسوس تو یہ ہے کہ مسلم اقوام ان چیزوں کو دین اور اللہ کی عبادت سمجھ کر انجام دیتی ہیں۔

اللہ تبارک و تعالی کی ہزار ہا رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں مملکت سعودی عرب پر جس نے مزارات کے خلاف ایک مہم چھیڑ کر انبیاء کرام کے مشن کو آگے بڑھایا۔

